بہترین گھریلو فلم

प्यार का बन्धन

پیار کا بندھن

اداکاران

راجکمار ۔ جانی واکر ۔ دھومل ۔ نمی

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

پیار کا بندھن فلم کے

گانا نمبر ۱

گھوڑا پشوری میرا تانگہ لاہوری میرا
بیٹھو میاں جی بیٹھو لالہ میں ہوں
البیلا تانگے والا

ٹھنکیں ٹھمکیں گی یارو تانگے میں آؤ
گری پڑی ہے پیار و پیدل نہ جاؤ
ہو گا گلابی رنگ کالا
میں ہوں البیلا —

بچنا او جانے والے میں تجھ پر واری
ٹکرا نہ جائے کہیں ننھی سواری
رونا پڑے گا گھر والا
میں ہوں البیلا —

محنت مزدوری کروں جھکنا نہ جانوں
آندھی طوفانوں میں بھی رکنا نہ جانوں
اپنا سائیں ہے رکھوالا — میں ہوں البیلا —

گانا نمبر ۲: سنبھل کر عشق فرمانا
محبت اندھی ہوتی ہے
میں جب ترچھی نظر نازک کلائی دیکھ لیتا ہوں

تو میں بندے کی صورت میں خدائی دیکھ لیتا ہوں
ارے تم سے ہزاروں لُٹ گئے آنکھوں کے تو جے ہیں
حسینوں کے ہاتھوں کی صفائی دیکھ لیتا ہوں
کہیں دھوکا ـــــ
ارے او عشق کے مارے ذرا اُس داستاں اپنی
کسی کو دل دیا تو نے
تو دل اپنا نہ جاں اپنی
کوئی نازک حسینہ مجھ پہ گر قربان ہو جائے
تو میں سچ کہتا ہوں اُس پر میں
لُٹا دوں گا دوکاں اپنی
بڑی بھولی بچاری عاشقوں کی ذات ہوتی ہے
کہ پہلے کھیل میں ہی اُن کی ہاری مات ہوتی ہے
نظر سے کھیل کا ظالم مزا دیکھا نہیں تو نے
لگے جب زخم تو ہر زخم میں کچھ بات ہوتی ہے
کہیں جلکر نہ کچھ جانا محبت اندھی ہوتی ہے
گاتا بجاتا میری آنکھوں کی
گہرائی میں آکر ڈوب جا
گر تمنا ہے خوشی کی مُسکرا کر ڈوب جا
ابھی رہنا گی کے سہارے بہت ہیں
میں کیوں ڈوب جاؤں کنارے بہت ہیں
کسی منچلے کا بھرم تو نہ ٹوٹے

مچلتی ہواؤں کا رُخ موڑنے کو
ہماری نظر کے اشارے بہت ہیں
تمہاری اداؤں کو پہچانتا ہوں
تمہیں تم سے بہتر تو میں جانتا ہوں
نگاہیں سلامت نظارے بہت ہیں
یہی دیکھ لو گر نہ تم کو یقیں ہو
ہماری نظر میں تہیکں ایک نہیں ہے
اسی انجمن میں ہمارے بہت ہیں
اندھیرا ہے لیکن مجھے غم نہیں ہے
کہ امید کی روشنی کم نہیں ہے
میرے آسماں پر ستارے بہت ہیں
یہ محفل بہاروں کی محفل نہیں ہے
یہ منزل کا دھوکا ہے منزل نہیں ہے
گانا نمبر ۲: بوجھ اٹھائے ساتھی بوجھ اٹھائے
ذبٹ اور ٹھوکر بوجھ نہیں ہے بوجھ ہے بری غریبی
بھوک نے ہم کو جنم دیا محنت نے ہم کو پالا
ہم لوگوں کا اس دنیا میں کوئی نہیں رکھوالا
صرف اپنی باہوں کا بل ہے جو ناؤں کو ٹالے
اونچے اونچے محل بنا کر فٹ پاتھوں پر سونا
یہی ہمیں ہر کھو کی تقدیر میں یہی ہے ہم سے ہونا
محل بنا کر ہم چل دیں گے رہیں گے دولت والے

پاؤں نہ ڈولے ہاتھ نہ کانپے سانس نہ تیری پھولے
خون پسینہ ایک ہو پر یہ بات نہ تجھ کو بھولے
گھر پر رشتہ دیکھ رہے ہیں بھیٹے سنے بجے بولے
گانا نمبر ۵: ذرا بچ کے او بیٹے بچ کے کہیں پتلی کمر نہ لچکے
یہ حکم ہے یہ سرکاری چھن جائے گی سرداری
میرے دو نینوں کے مارے پھرتے ہیں تیرے در پہ مارے مارے
ذرا سوچ سوچ کے باتیں کرنا
بھلا عاشق کا کیا مرنا
ترا قد ہے سرو کا بوٹا گورے رنگ نے میرا دل لوٹا
خوش رہتی جو میری کانی گورے رنگ نے ہے مت ڈالی
نیوں پر بھی ایک دن دولہا چلے میرے بھی گھر چولہا
جوڑے دل سے دل کا ناتا
مجھے مل جائے تجھ سا لڑکا
گانا نمبر ۶: میری پہلی آرزو کا یہ سلام یاد رکھنا
میرا نام ہے محبت میرا نام یاد رکھنا
جہاں دل سے دل ملے تھے وہ مقام یاد رکھنا
میرا نام ہے تمنا میرا نام یاد رکھنا
یہ کھلی کھلی فضائیں یہ جھکی جھکی گھٹائیں
یہ رکی رکی سی باتیں ہیں دبی دبی صدائیں
یہی صبح پیار کی ہے یہی شام یاد رکھنا
میرے دل پہ چھا گیا ہے تیرے حسن کا سویرا

نئے چاند کا یہ روشن تیری زلف کا اندھیرا
میرے پیار کے جہاں کا یہ پیغام یاد رکھنا
تیری ہر ادائیں دیکھی ہیں نے چاہتوں کی راہیں
میرے دل میں بس گئی ہیں تیری مدھ بھری نگاہیں
یہی دور یاد رکھنا یہی جام یاد رکھنا

گانا نمبر ۹: اِک پیار کے بندھن کی خاطر
میں تو سارے بندھن توڑ چلی
جن سکھیوں کے سنگ کھیلی تھی
اُن سکھیوں سے مکھ موڑ چلی
میری مانگ میں بھر دو رنگ سکھی
مجھے جانا پیا کے سنگ سکھی
پریتم کا سندیش آ بھیجا
بابل کی نگریا چھوڑ چلی
میرے گن اوگن بسرا دیجو
جاتی بار گلے سے لگا لیجو
میں لاج کا گھونگھٹ اوڑھے ہوئے
پگ چوم چلی ہاتھ جوڑ چلی

ختم شد

پُراسرار غضب کے جاسوسی ناول

جابناس جاسوس	1/4/-	فومینچو کا سایہ	4/-/-
" حصہ دوم	1/4/-	فومینچو کی بیٹی	4/-/-
تین نقاب پوش	1/-/-	ڈاکٹر فومینچو	3/-/-
دھلی کے عیاش	1/-/-	ڈاکٹر فومینچو کا انتقام	3/-/-
خونی نشان	1/-/-	سمندری ڈاکو	1/-/-
ڈاکو شمشاد	1/-/-	باپ کا قاتل	1/-/-
خونی شہزادہ	1/-/-	خونی چھری	1/-/-
بہادر ٹارزن	1/8/-	تین ڈاکو	1/-/-
چینی فرشتہ	1/4/-	دو لاشیں	-/12/-
جادوگر جاسوس	1/4/-	خونی کھنڈر	-/12/-
جادوگر حسینہ	1/4/-	سراغرساں	-/12/-
موت کا مینار	1/4/-	گردش دوراں	3/8/-
خونی چراغ	1/8/-	چلتا پرزہ	1/8/-

سنہرے شہر میں ٹارزن 1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(سود لیتھو پریس)